صفحات ۷۲ ۔قیمت اعلیٰ ایڈیشن ایک روپیہ پچاس پیسے ۔سستا ایڈیشن ایک روپیہ۔

اس مختصر سی کتاب میں معاشرتی زندگی کو اسلامی تعلیمات کے نور سے منور کرنے کے لئے نہایت اچھی معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ فاضل مصنف نے قرآن وسنت کے ان جواہر ریزوں کو جس سلیقے سے یکجا کیا ہے وہ ان کے دینی ذوق کا ترجمان ہے۔ اس کتابچے میں انہوں نے اکرامِ والدین، ہمسایہ سے حسنِ سلوک، اخلاق حسنہ، ضبطِ نفس، حفظِ لسان، امر بالمعروف اور علماء، خوفِ خدا، کے متعلق اسلامی احکام کو بیان کیا ہے۔

حمید نظامی | جناب شورش کاشمیری صاحب۔ ناشر مطبوعاتِ چٹان لمیٹڈ، لاہور۔ قیمت دو روپے ۲۵ پیسے۔ صفحات ۱۱۲۔

جناب شورش کاشمیری کے اندازِ سوانح نگاری کے متعلق اکتوبر ۱۹۶۷ء کے ترجمان القرآن میں عرض کیا جا چکا ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب اسی منفرد انداز کی ترجمانی کرتی ہے۔ اس میں انہوں نے حمید نظامی مرحوم کا ایک سیاسی مبصر، ایک مشہور اخبار نویس کی حیثیت سے جائزہ لینے کی بجائے، ایک اہلِ دل انسان کی حیثیت سے ان کی زندگی کا خاکہ پیش کیا ہے۔ اس خاکے میں فاضل مصنف کی مرحوم سے گہری محبت کا اظہار تو ہوتا ہی ہے مگر یہ بات بھی کھل کر سامنے آتی ہے کہ اس محبت نے کبھی اندھی عقیدت کی صورت اختیار نہ کی اور جناب شورش اُن کی خوبیوں کے پوری طرح معترف ہونے کے باوجود بعض معاملات میں ان کے نقطۂ نظر یا طرزِ فکر سے اختلاف رکھتے رہے۔ اس اختلاف کے ہوتے ہوئے دونوں میں غیر معمولی قربت اور ایک دوسرے سے نہایت گہرا تعلق اُس وضعداری کا آئینہ دار ہے جو بدقسمتی سے آج بڑی سرعت کے ساتھ ختم ہو رہی ہے۔

میاں افتخار الدین | جناب شورش صاحب کی کتاب "میاں افتخار الدین" میں بھی یہی سوانح نگاری کا یہی انداز نظر آتا ہے۔ اس کتاب کا معیارِ طباعت وکتابت مطبوعاتِ چٹان لمیٹڈ کے معیار کے عین مطابق ہے۔ اس کی قیمت ڈیڑھ روپیہ ہے۔

ترجمان القرآن | مترجم: جناب عبید الحق صاحب ۔طابع وناشر: المکتبۃ العلمیہ۔ ۱۵ ایک روڈ، لاہور۔